تاریخ پاکستان	نہم، لاہور بورڈ، 2015	پرچہ: I
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 60

(حصہ اول)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) تہذیب کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(ii) وادی سندھ کی تہذیب کے کوئی دو مراکز کے نام تحریر کیجیے۔

(iii) مہاتما بدھ کب اور کہاں پیدا ہوا؟

(iv) فلپ نامی حکمران نے کب اور کس ریاست پر حکمرانی کی؟

(v) سکندر کے حملے سے ہندوستان پر پڑنے والے دو اثرات کے نام لکھیے۔

(vi) شہاب الدین غوری کے ہندوستان پر حملوں کے دو مقاصد تحریر کیجیے۔

(vii) قطب الدین ایبک کون تھا؟ دو سطریں لکھیے۔

(viii) رضیہ سلطانہ کون تھی؟ دو سطروں میں لکھیے۔

(ix) جلال الدین خلجی کے دو باغیوں کے نام لکھیے۔

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) محمد تغلق کے دور میں تانبے کے سکوں کی کیا اہمیت تھی؟

(ii) غازی ملک کو خسرو خان پر حملے کی دعوت کس نے دی؟

(iii) سید اور لودھی خاندان کیونکر دہلی کی حکومت کو نہ سنبھال سکے؟

(iv) بابر نے ہندوستان پر کتنے تجرباتی حملے کئے اور ان حملوں کا مقصد کیا تھا؟

(v) ہندوستان میں بابر کے اہم حریف کون کون تھے؟ دو کے نام لکھیے۔

(vi) 1540ء میں شیر خان کے ہمایوں کے سپاہیوں پر حملے کا کیا نتیجہ نکلا؟

(vii) ہمایوں کتنا عرصہ جلاوطن رہا؟

(viii) شیر خان کا اصل نام کیا تھا اور [illegible]؟

(ix) ہیموں کون تھا؟ اس نے آگرہ اور دہلی پر قبضہ کیسے کیا؟

4- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) نور جہاں کے پہلے خاوند کا کیا نام تھا؟ اور وہ کہاں کا رہنے والا تھا؟

(ii) سلیم کے والد اور والدہ کا نام لکھیے۔

(iii) شاہ جہاں کو اقتدار کیسے ملا؟ دو سطور میں تحریر کیجیے۔

(iv) شاہ جہاں کا اصل نام کیا تھا اور وہ کہاں پیدا ہوا؟

(v) اورنگزیب کب پیدا ہوا؟ شاہ جہاں نے اسے کیا لقب دیا؟

(vi) خرم کی بادشاہت کے دوران بہت سی بغاوتیں ہوئیں، دو کے نام لکھیے۔

(vii) مسلم دور میں تعمیر ہونے والی دو عمارتوں کے نام لکھیے۔

(viii) قطب مینار کی بلندی کتنی ہے؟ اس کی کتنی منزلیں ہیں؟

(ix) یاترا ٹیکس کیا تھا اسے کس نے ختم کیا؟

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

5- (الف) موریا خاندان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اشوک نے موریا سلطنت کے لیے کیا کچھ کیا؟

6- علاؤالدین خلجی اپنی اصلاحات کے نفاذ میں کیوں ناکام ہوا؟

7- ظہیر الدین بابر کی شخصیت کا جائزہ لیجیے۔

8- شیر شاہ سوری کی اصلاحات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

9- جہانگیر کی اہم مہمات مختصراً بیان کیجیے۔

www.ilmkidunya.com